महाराष्ट्र शासन

शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग

राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०

संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

---

# Question Bank

Standard:- 10th — جماعت:-دہم

Medium:- Urdu — میڈیم:- اردو

Subject:- Urdu (Composit) — مضمون:- اردو کمپوزٹ

ہدایت:-

۱- یہ سوالات کا بینک صرف طلبہ کے لئے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جارہے ہیں-

۲ -اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے--

**حصہ 1: نثر۔ کل نمبرات 10**

**سوال نمبر 1: (الف) اور (ب) : درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سر گرمیاں مکمل کیجیے۔**

## سبق نمبر 1۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ

اقتباس نمبر 1۔(حضرت عمر بن عبد العزیز مسلمانوں کے مشہور خلیفہ تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بیت المال میں رکھی ہوئی مشک تک سونگھنا گوارانہ تھا) [5]

1۔ویب شکل مکمل کیجیے (2)

| | | |
|---|---|---|
| خلیفہ بننے کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیز | لباس | |
| | کھانا | |
| | مکان | |
| | زندگی | |

2۔درج ذیل جملے میں فعل اور فاعل تلاش کر کے لکھیے: (1)

ملازم سویا ہوا تھا۔

3۔بیت المال کی حفاظت کے بارے میں اپنی رائے لکھیے: (2)

اقتباس نمبر 2۔(ایک بار رات کو کسی مہمان سے گفتگو فرما رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حاکم کی مثال مشکل سے ملتی ہے)

[5]

1۔ویب شکل مکمل کیجیے۔ (2)

| | | |
|---|---|---|
| حضرت عمر بن عبد العزیز کی اصلاحات | بنوائی | |
| | پابندی | |
| | آزادی | |
| | نجات | |

2۔ معنی لکھیے: (1)

(i)حاجت مند

(ii)عادل

3۔مثالی حکمراں کے بارے میں لکھیے: (2)

اقتباس نمبر3۔(حضرت عمر بن عبد العزیز اپنے ارد گرد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب پلٹا تب بھی عمر بن عبد العزیز ہوں) [5]

1۔ویب شکل مکمل کیجیے: (2)

حضرت عمر بن عبد العزیز کی علما سے امیدیں

2۔درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے: (1)

(i)میزبان

(ii)بدی

3۔ملازموں کے ساتھ حضرت عمر بن عبد العزیز کے رویے پر اظہارِ خیال کیجیے: (2)

## سبق نمبر2۔ علم کا شوق

اقتباس نمبر1۔(گیارھویں صدی عیسوی میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ مسئلہ مجھے سمجھا دیجیے۔ آپ کا بڑا احسان ہو گا۔") [5]

1۔البیرونی سے متعلق خالی چوکون میں مناسب لفظ لکھ کر رواں خاکہ مکمل کیجیے: (2)

ابو ریحان البیرونی

سے آئے

زبان سیکھی

مطالعہ کیا

کتاب لکھی

2۔اقتباس سے دو مرکب الفاظ تلاش کر کے لکھیے: (1)

3۔زندگی کی آخری سانس تک البیرونی کے علم حاصل کرنے کے بارے میں اپنی رائے لکھیے: (2)

اقتباس نمبر2۔(البیرونی کے زمانے کے ایک نامور عالم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مزید علم حاصل کر کے کیا کیجیے گا؟") [5]

1۔اقتباس میں آئے ہوئے محاوروں سے ذیل کا شکی خاکہ مکمل کیجیے: (2)

اقتباس میں شامل محاورے

2۔ درج ذیل الفاظ کی جمع لکھیے: (1)

(i) وقت

(ii) علم

3۔ البیرونی کے علم کے شوق سے متعلق اپنی رائے لکھیے: (2)

## سبق نمبر 4۔ گرم شال

اقتباس نمبر 1۔ (نفیسہ نے ابھی پچھلے مہینے ہی تو بڑی مشکل سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماں کے لبوں پر بھی پڑ گئی) [5]

(2)

نفیسہ کا گھرانہ: پڑپوتی [ ] ، بیٹی [ ]

نفیسہ کا پہناوا: قمیص [ ] ، شلوار [ ]

2۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ اقتباس سے تلاش کر کے لکھیے:

(1)

(i) مردہ [ ]

(ii) نئی [ ]

3۔ اپنی پسند کے کپڑوں کے بارے میں بتایئے: (2)

اقتباس نمبر 2۔ (کوئی مدد کرنے نہ آیا۔ اعتراض کرنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب بھی وہ بن سکتی ہے۔) [5]

1۔ درج ذیل چوکون میں مناسب جواب لکھیے:

(2)

(i) اعتراض کرنے والے [ ]

(ii) ہمدرد اور شریف [ ]

(iii) قیمتی شال اور سوئیٹر پہن کر آنے والی [ ]

(iv) پرانی شال پہن کر جانے والی [ ]

2۔ دیے ہوئے الفاظ سے مذکر اور مونث الگ کر کے لکھیے (1)

(شال، سوئیٹر، تنخواہ، نوکری)

| مذکر | مونث |
|---|---|
| | |

3۔ وہ تو اب میرا بیٹا بھی ہے اور بیٹی بھی" رضیہ بی کے اس جملے کی وضاحت کیجیے: (2)

اقتباس نمبر 3۔ (امی! اب میں دوسری کلاس کو پڑھا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔شام کی شاپنگ کا پروگرام بنانے چلی گئی۔) [5]

(2)

| نفیسہ کے اسکول میں | |
|---|---|
| نفیسہ پڑھا رہی ہے کلاس | |
| دو تین کے سوا سب بچے | |
| بچے نفیسہ سے کرتے ہیں | |
| پرانے کرتوں میں آتی ہیں | |

2۔ جملے میں خط کشیدہ الفاظ کی ضدیں لکھ کر جملہ مکمل کیجیے:

(1)

(i) نیک کام کی جزا دے تو

۔۔۔۔۔۔۔۔کام کی ۔۔۔۔۔۔ بھی دے

3۔ اپنے کسی شوق کے بارے میں بتائیے جسے کرنے پر آپ بہت خوشی محسوس کرتے ہیں: (2)

اقتباس نمبر 4۔ (سورج چھپ چکا تھا۔ نفیسہ اب تک واپس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زور سے ماں کو لپٹا لیا "میری پیاری امی"۔) [5]

1۔ ویب شکل مکمل کیجیے۔ (2)

| ماں کی شال میں | |
|---|---|
| ممتا کا | |
| محبت و خلوص | |
| محنت اور جفا کشی | |
| ماں کی محبت کا | |

2۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیے۔ (1)

| الفاظ | متضاد الفاظ |
|---|---|
| گرم | |
| غریب | |

3۔ غریبوں کی مدد کے بارے میں اپنی رائے دیجیے۔ (2)

## سبق نمبر 6۔ ایک خط

اقتباس نمبر 1۔ (تم خوب جانتی ہو کہ مجھے نصیحت کرنے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس شہر کو اب پٹنہ کہتے ہیں۔) [5]

1۔ اقتباس کی مدد سے درج ذیل شکلی خاکہ مکمل کیجیے: (2)

چینی سیاح ہیون سانگ

- جس کی تلاش میں ہندوستان آیا
- جس راستے کو طے کرتا ہوا وہ ہندوستان پہنچا
- جس کے لیے اس نے سیکڑوں مصیبتیں اٹھائیں
- اس نے اپنا زیادہ وقت جہاں گزارا

2۔ اقتباس میں آئے ہوئے ملک کے نام ڈھونڈ کر لکھیے: (1)

3۔ آپ اپنے علم کے شوق کے بارے میں بتائیے: (2)

اقتباس نمبر2۔(یہ ایک شخص کا قصہ ہے جو جنوبی ہند کے شہر۔۔۔۔۔۔۔۔گویا ہم تم آمنے سامنے بیٹھے باتیں کر رہے ہیں۔) [5]

1۔اقتباس کی روشنی میں خالی جگہ قوسین میں موزوں لفظ کی مدد سے مکمل کیجیے۔ (2)

(i) عجیب وغریب شخص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے شہر کرناسونا میں آیا۔

(ii)ایک شخص اپنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چاروں طرف تانبے کی تختیاں باندھے رہتا تھا۔

(iii)وہ شخص اپنے ہاتھ میں۔۔۔۔۔۔۔۔لیے ہوئے عجیب وغریب انداز میں گھومتا تھا۔


(iv) عجیب وغریب شخص ہمیشہ اپنے سر پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رکھتا تھا۔

2۔اقتباس سے 'واوٴ عطف' کے دو الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔ (1)

3۔"نصیحت کو کڑوی گولی سمجھ کر مت نگلو۔" اس کے بارے میں اپنی رائے لکھیے۔ (2)

اقتباس نمبر3۔(یہ ایک شخص کا قصہ ہے جو جنوبی ہند کے شہر۔۔۔۔۔۔۔۔اس بحث ومباحثے سے کوئی سچائی بھی نکل آتی ہے۔) [5]

1۔ویب شکل مکمل کیجیے۔ (2)




2۔دیے گئے سابقے سے مرکب لفظ بنائیے۔ (1)

| سابقے | مرکب الفاظ |
|---|---|
| با | باخبر |
| بے | ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ |

3۔"میرے اندر بے حساب علم بھرا ہوا ہے۔مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں میرا پیٹ نہ پھٹ جائے اس لیے میں نے اپنے پیٹ پر تانبے کی تختیاں باندھ رکھی ہیں۔" اس بات سے اتفاق یا اختلاف رکھتے ہوئے اپنی رائے پیش کیجیے۔ (2)

# سرسری مطالعہ

## پونے کی سیر

[5] اقتباس نمبر 1۔(اپنے کاروبار کے سلسلے میں اس مرتبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ درمیان اپ ڈاؤن نہیں رک سکتا۔)

(2) 1۔ شکلی خاکہ مکمل کیجیے۔

ممبئی سے پونے کے سفر کے لیے سواریاں

(1) 2۔اقتباس میں آئے ہوئے دو انگریزی الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

(2) 3۔اپنے شہر کے بارے میں معلومات شیئر کیجیے۔

[5] اقتباس نمبر 2۔(پونے کے راستے میں لوناولہ اور کھنڈالہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ متھرا کے پیڑوں کی بات اور ہے۔)

(2) 1۔ دیے گئے خاکے کو مکمل کیجیے:

(i) دلی

(ii) لوناولہ

(iii) آگرہ

(iv) متھرا

(1) 2۔ دیے ہوئے جمع کے الفاظ کے واحد الفاظ لکھیے:

| جمع | واحد |
|---|---|
| مقامات | |
| مکانات | |

(2) 3۔اپنے پسندیدہ مقامات کے بارے میں لکھیے۔

| حصہ 2: نظم۔ کل نمبرات 10 |
| --- |

سوال نمبر 2:(الف): درج ذیل نظم کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سر گرمیاں مکمل کیجیے:

نظم نمبر 1۔ حمد

[5]

1۔ شعری اقتباس کی روشنی میں دیے ہوئے بیان سے متعلق ایک لفظ چوکون میں لکھ کر بیان مکمل کیجیے:

(i) ☐ کو گہر آبدار دیتا ہے

(2)

(ii) ☐ کو برگ و بار دیتا ہے

(1)

2۔ ترا ہی ذکر سکون و قرار دیتا ہے' اس مصرعے کا مطلب لکھیے:

(2)

3۔ اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں لکھیے:

نظم نمبر 1۔ حمد

[5]

1۔ حمد کے حوالے سے دائرے میں ایک لفظ لکھیے:

(i) بوند بوند میں رکھتا ہے ☐

(2)

(ii) گہر آبدار دیتا ہے ☐

2۔ درج ذیل شعر کی صنعت پہچان کر لکھیے:

(1)

ادھر زمیں پہ رگڑتی ہے پاؤں تشنہ لبی

ادھر تو ریت میں چشمہ اتار دیتا ہے

(2)

3۔ درج ذیل شعر کا مطلب لکھیے:

تیرا مزاج ہے رحم و کرم میرے معبود

سلگتی ریت کو تو برگ و بار دیتا ہے

## نظم نمبر2۔ جشنِ آزادی [5]

1۔ نظم کی مدد سے چوکون میں مناسب لفظ لکھیے: (2)

(i) پھوٹی وہ سورج کی کرن ☐

(ii)وہ رقص میں آیا ☐

(iii)اے رودِ گنگا ☐

(iv)ہاں اے ہمالہ ☐

2۔ درج ذیل الفاظ کی ضد نظم سے تلاش کر کے لکھیے: (1)

(i)دن ☐

(ii)چاند ☐

3۔ شعر کی روشنی میں آزادی کی جدوجہد کے بارے میں لکھیے: (2)

آئے مبارک باد کو

کتنے شہیدانِ وطن

## نظم نمبر2۔ جشنِ آزادی [5]

(2)

پرچم سہ رنگ

بے لوث خدمت کی لگن ☐

ہمت، جوانی، بانکپن ☐

انسانیت، پاکیزہ پن ☐

ہم تجھ کو کرتے ہیں ☐

2۔ دیے گیے الفاظ کے ہم معنی الفاظ نظم سے تلاش کر کے لکھیے: (1)

(i)ندی

(ii)ناچنا

3۔ اپنے وطن سے محبت کا اظہار خوب صورت انداز میں کیجیے: (2)

## نظم نمبر2۔ جشنِ آزادی [5]

1۔ نظم کی مدد سے چوکون میں مناسب لفظ لکھیے: (2)

(i)سورج کی کرن

(ii)تاروں کے کنول

(iii)گگن آیا

(iv) مبارک باد دینے آئے

2۔ نظم سے زیرِ اضافت کے الفاظ تلاش کر کے لکھیے: (1)

3۔ اپنے وطن کے پرچم کے بارے میں معلومات لکھیے: (2)

## نظم نمبر3۔ محنت [5]

1۔ شعری اقتباس کے متن کی مناسبت سے جملے کے لیے ایک لفظ لکھیے: (2)

موٹر، ریل، خبروں کے جال یہ سب ہیں

اگر ہم بھی محنت سے کام کریں تو پائیں گے

2۔ درج ذیل شعر کا مطلب لکھیے: (1)

غرض جو بھی دنیا میں ہے سر بسر
ہے انسان کی محنتوں کا ثمر

3۔ بجلی کے کرشمے اور ترقی کے بارے میں لکھیے: (2)

[5] نظم نمبر 3۔ محنت

1۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے:

رات (1)

گل (1)

2۔ نظم سے دو ہم صوتی الفاظ کی جوڑیاں لکھیے: (1)

3۔ گل اس لفظ کو زیر یا زبر لگا کر نئے الفاظ بنائیے اور معنی کے ساتھ لکھیے:

4۔ دیے ہوئے شعر کی تشریح کیجیے:

کریں گے اگر ہم بھی محنت سے کام (2)

تو پائیں گے دنیا میں اعلیٰ مقام

[5] نظم نمبر 3۔ محنت

1۔ شعری اقتباس کے متن کی مناسبت سے جملے کے لیے ایک لفظ لکھیے:

(i) موٹر، ریل، خبروں کے جال یہ سب ہیں

(ii) دنیا کی ساری دھوم دھام ان سے ہے

(iii) دنیا کی رونقیں اور بہار انسان کی (2)

(iv) اگر ہم بھی محنت سے کام کریں تو پائیں گے

2۔ دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیے: (1)

(i) سوداگری

(ii) زار

3۔ دنیا میں ہونے والی ترقی میں انسان کی محنت نظر آتی ہے اس پر اپنی رائے دیجیے: (2)

سوال نمبر2: (ب): درج ذیل غزل کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے:

## غزل نمبر1

[5]

1۔ ستون الف اور ستون ب کی مناسب جوڑیاں لگائیے: (2)

| الف | ب |
|---|---|
| گزرنے والا | نقش |
| بہنے والا | زمانہ |
| ہونے والا | رنگ |
| کھیلا جانے والا | دریا |

2۔ غزل سے ایسا شعر تلاش کر کے لکھیے جس میں تہوار کا ذکر ہے: (1)

3۔ اقتباس سے تضاد کا شعر تلاش کر کے لکھیے اور ضد کے الفاظ کو خط کشیدہ کیجیے: (1)

4۔ درج ذیل شعر کا مطلب لکھیے: (1)

زمانہ ہے کی گزرا جارہا ہے

یہ دریا ہے کہ بہتا جارہا ہے

## غزل نمبر1

[5]

1۔ دیے گئے مصرعے کے لیے شعر سے ایک لفظ لکھیے: (2)

i) [ ] یہ دریا ہے کہ بہتا جارہا ہے

ii) [ ] گلوں میں رنگ کھیلا جارہا ہے

2۔ درج ذیل شعر کا مطلب بیان کیجیے: (1)

زمانے پر ہنسے کوئی کہ روئے

جو ہونا ہے، وہ ہوتا جارہا ہے

3۔ زمانہ بہت تیزی سے گزر رہا ہے اس پر اپنی ذاتی رائے دیجیے (2)

[5]

## غزل نمبر 1

1۔ شعر مکمل کیجیے: 

زمانے پر ہنسے کوئی کہ روئے (1)

2۔ غزل میں آئے ہوئے ردیف اور قافیے لکھیے: (2)

| ردیف | قافیے |
|---|---|
| | |

3۔ اس شعر کی تشریح کیجیے:

زمانہ ہے کہ گزرا جارہا ہے (2)

یہ دریا ہے کہ بہتا جارہا ہے

## غزل نمبر 1

1۔ مناسب جواب لکھیے:

(i) گزر رہا ہے (2)

(ii) بہہ رہا ہے

(iii) جو ہونا ہے

(iv) گلوں میں رنگ

2۔ 'دل پر نقش ہونا' اس محاورے کا جملے میں استعمال کیجیے: (1)

3۔ درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے:

بہار آئی کہ دن ہولی کے آئے (2)

گلوں میں رنگ کھیلا جارہا ہے

**حصہ 3: قواعد: کل نمبرات 08**

(1)

سوال نمبر 3 : (1۔ فعل، فاعل، مفعول پہچان کر لکھنا۔ برائے 1 نمبر)

1۔ جمیل روٹی کھاتا ہے۔

2۔ نجمہ گڑیا اٹھالائی۔

3۔ ابراہیم روزانہ اِسکول جاتا ہے۔

4۔ میں تمھیں خط اپنے دفتر سے لکھ رہا ہوں۔

5۔ جمنادیوی نے کثافت میاں پر الزام لگایا۔

6۔ ماہرہ آم کھاتی ہے۔

7۔ احمد نے خط لکھا۔

8۔ وہ اکثر عالموں کو بلواتے۔

9۔ رام اسکول گیا۔

10۔ عمر بن عبد العزیز بڑی شان وشوکت کی زندگی گزارتے تھے۔

11۔ پین چوری ہو گیا۔

12۔ ایک رات وہ کسی سرکاری کام میں مصروف تھے۔

13۔ شیام پٹ گیا۔

14۔ میں میٹھی میٹھی باتیں کرتی ہوں۔

سوال نمبر 3 : (2۔اسم، ضمیر، صفت پہچان کر لکھنا۔ برائے 1 نمبر) (1)

(اسم پہچان کر لکھیے)

1۔ ایک دفعہ حکیم صاحب رام پور سے دلی جا رہے تھے۔

2۔ باغ بہت خوبصورت ہے۔

3۔ میوزیم بھی ایسا کہ ساری دینا میں مشہور ہے۔

(ضمیر تلاش کر کے لکھیے)

1۔ یہ میوزیم بہت مشہور ہے۔(ضمیر کی قسم پہچانیے)

2۔ اس نے گھڑی سازی کا ہنر سیکھ لیا۔

3۔ وہ سنی سنائی باتوں پر بھروسہ نہیں کرتے۔

4۔ عائشہ اچھی لڑکی ہے وہ بہادر بھی ہے۔

5۔ وہ ایک زندہ دل انسان تھے۔

6۔وہ کرسی ہاتھی دانت کی بنی ہوئی ہے۔(ضمیر کی قسم پہچانیے)

7۔ایک بھینس پر بیٹھ کر چرواہالڑکا بانسری بجا رہا ہے وہ اپنے آپ میں مست ہے۔

8۔اس کمرے میں جنگ کا میدان دکھایا گیا ہے۔(جملے میں ضمیر اشارہ پہچانیے)

9۔یہاں طرح طرح کے باجے ملتے ہیں۔(ضمیر کی قسم پہچانیے)

(صفت اور اس کی قسم پہچانیے)

1۔آپ کو سب سے پہلے نواب صاحب کی بچپن سے بڑھاپے تک کی تصویریں نظر آئیں گی۔

2۔پاس والے کمرے میں چینی، جاپانی، انگلستانی گڑیاں رکھی تھیں۔

3۔سنگ مرمر کے خوبصورت مجسمے آپ کو ملیں گے۔

4۔اس نے ماں کی کئی سال پرانی شال لپیٹ رکھی تھی۔

5۔امی وہ امیر ہیں نا کئی کئی سو کی شالیں پہن کر آتی ہیں۔

6۔میرے بچے بڑے اچھے ہیں۔

7۔نفیسہ کی پہلی تنخواہ میں سے سب سے پہلے سوئیٹر کا اون آئے گا۔

8۔آپ کی باتوں میں بہت مٹھاس ہے۔

9۔راستے میں اس نے سیکڑوں مصیبتیں اٹھائیں اور ہزاروں خطروں کا مقابلہ کیا۔

10۔میں نے تم کو لمبا سا خط لکھ ڈالا۔

11۔ان کی خلافت کا زمانہ صرف دو سال پانچ مہینے رہا۔

12۔البیرونی نے ہندوستانی تہذیب کا بغور مطالعہ کیا۔

13۔اسی مندر اور مسجد کے بیچ ایک بہت اونچا مکان تھا۔

14۔کمرے میں خوب صورت دروازہ لگا ہوا ہے۔

15۔اسلامی حکومت کا بادشاہ خلیفہ کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 3 : (3۔محاورے کا جملے میں استعمال کرنا۔برائے 1 نمبر) (1)

1۔ترک کر دینا

2۔زندگی کا چراغ گل ہو جانا

3۔تانتا بندھنا

4۔ہوش اڑ جانا

5۔دنگ رہ جانا

6۔اچنبھے مین پڑ جانا

7۔روح پرواز کر جانا

8۔دل بھر آنا

9۔ قارون کا خزانہ ملنا

10۔رونا رونا

11۔چہرہ اترنا

12۔دل میں پنکھے لگے ہونا

13۔باچھیں کھل جانا

14۔گھر سر پر اٹھانا

15۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا

16۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا

سوال نمبر 3 : (4۔علامت او قاف کا استعمال کرنا۔برائے 1 نمبر) (1)

1۔ محترمہ جمنا دیوی آپ کو کچھ کہنا ہے۔

2۔واہ میرے یار کیا بھوتوں کی کوٹھی بنائی ہے تم نے

3۔امی کام تو میں نے سب ختم کر لیا اب تیار ہو جائوں جا کر

4۔جن کے سو گائوں کی زمینداری تھی نوکری کرے

5۔امنگوں آرزوئوں شوق اور خواہشوں کی یہ عمر اور یہ ایثار

6۔کون شیرین میں آپ کو نہیں جانتی

7۔ہائے اللہ یہ دودھ کی بنی ہوئی ہے

8۔اس وقت اس کے کیا حاصل اب مزید علم حاصل کر کے کیا کیجیے گا

9۔ مہمان نے کہا میں خود اٹھ کر چراغ ٹھیک کر دوں

10۔فاطمہ میرے پاس اتنی رقم کہاں ہے کہ بچوں کے لیے کپڑے بنوا سکوں

11۔ راموداد انے کہا دو تین مہینے بعد وہ میری تنخواہ بڑھا دیں گے

12۔ ارے یہ کیا اٹھا لائی

13۔ واہ میرے یار کیا بھوتوں کی کوٹھی بنائی ہے تم نے

سوال نمبر 3 : (4۔ لفظی معمایا الفاظ کا کھیل۔ برائے 1 نمبر) (1)

1۔ رات اس تین حرفی لفظ کے حروف سے دو نئے تین حرفی لفظ بنایئے۔

2۔ اجل اس تین حرفی لفظ کے حروف سے دو نئے تین حرفی لفظ بنایئے۔


3۔ ضیافت کے معنی دعوت کے ہیں۔ اس کا ہم صوت لفظ لکھیے، جس کے معنی:


(i) بیمار کی مزاج پرسی ہو۔

(ii) خدا کی بندگی ہو۔

4۔ یہ گل اور غنچے چمن در چمن (خط کشیدہ الفاظ کے ہم معنی لفظ لکھیے)

5۔ معمہ مکمل کیجیے:




6۔ دیے گئے انگریزی الفاظ سے دو نئے الفاظ بنایئے جن کے معنی آنسو اور نفرت کے ہوں:

HEARTBEAT

(i) آنسو ---------

(ii) نفرت ---------

7۔ دیے گئے انگریزی الفاظ سے دو نئے الفاظ بنایئے جن کے معنی کان اور موٹر کے ہوں:

RACE

(i)کان۔۔۔۔۔۔۔۔

(ii)موٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

8۔ دیے گئے انگریزی الفاظ سے دو نئے الفاظ بنایئے جن میں ایک رنگ اور ایک عدد ہو وہ تلاش کر کے لکھیے:

PRESIDENT

(i)رنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ii)عدد۔۔۔۔۔۔۔۔۔

9۔ دیے گئے انگریزی الفاظ سے دو نئے الفاظ بنایئے جن کے معنی شہر اور ٹوپی کے ہوں:

CAPACITY

(i)شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ii)ٹوپی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

10۔ ذیل میں دیے ہوئے الفاظ کے ہم معنی لفظ 'روزن' میں تلاش کیجیے:

(i)دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ii)طاقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔

11۔ دیے گئے انگریزی الفاظ سے دو نئے الفاظ بنایئے جن کے معنی پرانا اور بوڑھا کے ہوں:

CLOUD

پرانا۔۔۔۔۔۔۔۔

بوڑھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 3 : (6۔ جملے کا املا درست کر کے لکھیے۔ برائے 1 نمبر) (1)

1۔ مجھے تو ایسا کوئی کھترہ نہیں ہے کہ عل و حکمت سے فٹ جائوں

2۔ دیکھا تو حوش عڑ گئے۔

3۔ میں نے تم کو لمبا ساخت لیح ڈالا۔

4۔ اسلم نے سو روپے کھرچ کیے۔

5۔ میں ہات پاؤں میں تاقت پیدا کرتی ہوں۔

سوال نمبر 3 : (6۔اشعار کی صنعت پہچان کر اس صنعت کی تعریف لکھنا ۔ برائے 2 نمبر) (2)

1۔ ابن مریم ہوا کرے کوئی

میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

2۔ زمانے پر ہنسے کوئی کہ روئے

جو ہونا ہے ہوتا جا رہا ہے

3۔ ادھر زمیں پہ رگڑتی ہے پاؤں تشنہ لبی

ادھر تو ریت میں چشمہ اتار دیتا ہے

4۔ نقلِ مغرب کی ترنگ آئی تمھارے دل میں

اور یہ نکتہ کہ مری اصل ہے کیا بھول گئے

5۔ عیب اپنے گھٹاؤ، پر خبر دار رہو

گھٹنے سے ان کے نہ بڑھ جائے غرور

6۔ جل تھل ہیں کوہ دشت میں تالاب

گویا چھلک رہے ہیں کٹورے گلاب کے

7۔ جس سے اصلاحِ نفس نا ممکن ہو

اس عیش سے ہر طرح کی مصیبت اچھی

8۔ من میں کیا ہے بولو نا

چپ کیوں ہو، لب کھولو نا

9۔ صدقے تم پر نیند مری

میں جاگوں تم سو لو نا

10۔ جھوٹ سے حاصل کیا ہو گا

سچ کے موتی رولو نا

11۔ زہر بھرا ہے سانسوں میں

ان میں امرت گھولو نا

12۔ وہ پانی تم آگ ظفر

کیا گتھی ہے کھولو نا

13۔ لو، بادل اب گرجتے ہوئے سر پہ آ گئے

اور شامیانے شرق تا غرب چھا گئے

**یا**

**صنعت کی تعریف مع مثال لکھنا:**

1۔ صنعتِ تضاد

2۔ صنعتِ تلمیح

3۔ صنعتِ مبالغہ


4۔ صنعتِ تشبیہ

5۔ صنعتِ استعارہ

**حصہ 4 : اطلاقی تحریری سرگرمیاں: کل نمبرات 12**

**سوال نمبر 4۔ (الف)۔ دیے ہوئے پوسٹر کی مدد سے خط لکھیے:** [5]

1۔




بذریعہ خط اپنے علاقے کے کمشنر کو شجر کاری مہم سے آگاہ کیجیے۔ دیے گیے پوسٹر کی جانب توجہ دلایئے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

دوست / سہیلی کو خط لکھیے اور اسے یہ معلومات دیجیے کہ آپ "شجر کاری مہم" کس طرح منا رہے ہیں۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کریں۔

-2

# کووڈ 19 کے لیے احتیاطی تدابیر

ماسک کا استعمال کریں

سماجی دوری بنائے رکھیں

Social Distancing

کھانسی، سردی، زکام کی حالت میں ڈاکٹر سے رابطہ کریں

اپنی صحت کا خیال رکھیں

بذریعہ خط اپنے علاقے کے ہیلتھ آفیسر کو اس پوسٹ کے اشتہار کے لیے ان کی مدد کا اظہار کیجیے اور شہریوں میں نظم وضبط بنائے رکھنے کے لیے سخت اقدامات اٹھانے کے لیے کہیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھیے اور اسے پوسٹ کے ذریعے معلومات دیجیے اور ان احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کے لیے سختی سے کہیے۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

-3

# مینا بازار

رئیس ہائی اسکول کیمپس، بھیونڈی

9، 10، 11 اپریل

دوپہر 3 بجے سے رات 10 بجے تک

لذیذ کھانے، برقعے، کپڑے اور کھلونوں کے اسٹالس

بچوں کے ذریعے تہذیبی وثقافتی پروگرام

مہمانِ خصوصی: محترم عزیز الرحمٰن لاکھنڈوالا، محترمہ شبنم آفریدی

بذریعہ خط اپنے علاقے کے کونسلر کو مینا بازار سے آگاہ کیجیے۔ اسے اس مینا بازار میں شرکت کی دعوت دیجیے۔ دیے گیے پوسٹر کی جانب توجہ دلائیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

دوست / سہیلی کو خط لکھیے اور اسے یہ معلومات دیجیے کہ آپ کے شہر میں ایک مینا بازار لگ رہا ہے اور آپ بھی اس میں شامل ہیں۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

-4

# محکمہ صحت عامہ کی جانب سے

اب کی بار 25 مئی 2021

5 سال تک کے تمام بچوں کو پولیو ڈوز ضرور دیں۔

ایک بھی بچہ چھوٹنے نہ پائے

**دو بوند زندگی کے**

منجانب

کمشنر آف میونسپل کارپوریشن، ہیلتھ آفیسر میونسپل کارپوریشن، میئر اف میونسپل کارپوریشن

آپ کی اسکول کے طلبہ 'پولیو بیداری مہم' کے لیے ریلی نکال رہے ہیں۔ ریلی کے راستوں، وقت سے متعلق محکمہ ٹریفک پولس کو اطلاع دینے اور پولس بندوبست کے لیے رسمی خط لکھیے۔ آپ مزید نکات شامل کرسکتے ہیں۔

اپنے چچاجان خط لکھ کر پولیو ڈوز کی اہمیت ور گھر کے تمام بچوں کو پولیو ڈوز پلانے کے لیے انھیں متوجہ کیجیے۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

-5

انجمن محبان اردو کی جانب سے

**ہفتہ اردو**

مورخہ 1 مئی سے 7 مئی تک

**اردو جلوس! اردو مشاعرہ! اردو کتاب میلہ !!!!!**

**بچوں کے لیے: قصہ گوئی، غزل سرائی، نعت خوانی**

بچوں، بوڑھوں، مرد و خواتین سب کے لیے

**عہد کریں۔۔۔۔ اردو لکھیں گے، اردو پڑھیں گے، اردو بولیں گے !**

اپنے علاقے کے ٹریفک پولس کے نام عریضہ لکھیے۔ اردو جلوس کے سلسلے میں تعاون کی درخواست کیجیے۔ اور پولس بندوبست کے لیے رسمی خط لکھیے۔ آپ مزید نکات شامل کرسکتے ہیں۔

اپنے بڑے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے ہفتہ اردو کی تفصیلات دیجیے اور اس کے نعت خوانی میں آپ شریک مقابلہ ہیں وہ بتایئے۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

-6

صفائی کی عادت ہے صحت کی ضمانت

صفائی بیداری مہم

ایک عمدہ شہری کی حیثیت سے اپنے اطراف کی سفائی کے آپ بھی ذمہ دار ہیں۔ ہمارا فرض بھی ہے اور کارِ خیر بھی۔

مورخہ 10 اپریل 2021

وقت صبح 8 بجے سے 11 بجے تک

آغاز: محمد علی چوک

اختتام: شاستری اسٹیڈم

زیرِ اہتمام: فلاحِ امت ٹرسٹ، بھیونڈی

اپنے علاقے کے ٹریفک پولس کے نام عریضہ لکھیے اور صفائی بیداری مہم ریلی کے سلسلے میں تعاون کی درخواست کیجیے۔ اور پولس بندوبست کے لیے رسمی خط لکھیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

اپنے دوست یا سہیلی کو خط لکھ کر صفائی بیداری مہم اور اس کے لیے نکالی گئی ریلی کی اہمیت سے واقف کرایئے اور شامل ہونے کی ترغیب دیجیے۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

-7

رشوت خوری مخالف مہم

دیش بچانا

رشوت

21 مئی 2021 سے 25 مئی 2021

روشوت دینا اور لینا دونوں جرم ہے۔

نہ رشوت لیں اور نہ رشوت دیں

روشت ملک کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے۔

رشوت خوروں کو سبق سکھائیں۔۔۔۔۔۔

آپ کی اسکول کے طلبہ 'رشوت خوری مخالف مہم' کے لیے ریلی نکال رہے ہیں۔ ریلی کے راستوں، وقت سے متعلق محکمہ ٹریفک پولس کو اطلاع دینے اور پولس بندوبست کے لیے رسمی خط لکھیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

اپنے دوست کو خط لکھ کر معلومات دیجیے کہ آپ 'رشوت خوری مخالف مہم' کس طرح منا رہے ہیں۔۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

8۔

## ڈینگو سے احتیاط

بیماریوں سے بچیں

گندگی نہ کریں

آس پاس صفائی رکھیں

صاف پانی کا استعمال کریں

پانی کو زیادہ دنوں تک جمع کر کے نہ رکھیں

پانی کو ڈھانک کر رکھیں

احتیاط علاج سے بہتر ہے

اپنے علاقے کے کونسلر کے نام عریضہ لکھیے۔ بڑھتے ہوئے ڈینگو کی طرف توجہ دلایئے اور محلے میں صفائی کے بندوبست کروانے کی درخواست کیجیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

اپنی والدہ کو ڈینگو سے احتیاط کی تدابیر بتایئے۔ بڑھتے ہوئے ڈینگو کی طرف توجہ دلایئے۔ پوسٹر کے علاوہ اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

9۔

## انجمن ہدایت اسلام پونہ

گولڈن جوبلی آل مہاراشٹر سیرت النبی ﷺ تقریری مقابلہ

مورخہ 29 اور 30 مئی 2021

جماعت ہشتم تا دہم

صبح دس بجے تا شام اختتام تک

وقت: 7 منٹ

سیکریٹری: انجمن ہدایت الاسلام، پونہ

یکم مئی تک طلبہ کے نام اور عنوان کا عریضہ سیکریٹری کے نام بذریعہ خط یا ای میل روانہ کریں

ادارے کے سیکریٹری کے نام عریضہ لکھ کر مقابلے کے تعلق سے تفصیلات لیجیے۔ آپ مزید نکات شامل کر سکتے ہیں۔

اپنے دوست کو خط لکھ کر اس مقابلے میں اپنی شرکت کے بارے میں بتایئے اپنے نکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر 4۔(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سر گرمی کو مکمل کیجیے: [7]

مندرجہ ذیل نکات کی مدد سے کہانی لکھیے:

1- عامر۔۔۔۔۔۔یتیم اور بے سہارا لڑکا۔۔۔۔۔۔۔دسویں جماعت کا طالب علم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیس، یونیفارم، گھر خرچ کا مسئلہ۔۔۔۔۔۔۔گھر گھر اخبارات کی تقسیم۔۔۔۔۔۔۔اسکول کی پڑھائی۔۔۔۔۔۔۔۔رات دیر تک پڑھنا۔۔۔۔۔۔۔صبح جلدی اٹھنا۔۔۔۔۔۔۔کامیاب ہونا۔۔۔۔۔۔کامیاب مدرس بننا۔۔۔۔۔باعزت مقام۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

2- ایک شکاری۔۔۔۔۔جنگل۔۔۔۔خرگوش پکڑا۔۔۔اچانک دوسرا خرگوش دکھائی دیا۔۔۔۔۔۔پکڑنے دوڑا۔۔۔۔۔جیسے ہی پکڑنے کے لیے لپکا۔۔۔۔۔پہلا بھی چھوٹ گیا۔۔۔۔۔۔۔دونوں خرگوش دوڑ کر جھاڑیوں میں چھپ گئے۔۔۔۔۔شکاری کو غصہ آیا۔۔۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

3- ایک کسان۔۔۔۔۔پانچ بیٹے۔۔۔۔۔آپس میں لڑنا۔۔۔کسان کا پریشان ہونا۔۔۔۔۔۔بیمار پڑنا۔۔۔۔۔بیٹوں کو بلانا۔۔۔۔۔۔لکڑی دینا۔۔۔۔۔لکڑی کا ٹوٹ جانا۔۔۔۔لکڑیوں کا گٹھا دینا۔۔۔۔۔اس کا نہ ٹوٹنا۔۔۔۔۔کسان ک بیٹوں کو سمجھانا۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

4- حامد۔۔۔۔۔۔ذہین طالب علم۔۔۔۔مالی حالات سے پریشان۔۔۔۔ٹیوشن پڑھا کر آمدنی حاصل کرنا۔۔۔۔سخت محنت۔۔۔۔۔ایمانداری۔۔۔۔۔ایک کامیاب ڈاکٹر۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

5- اکرم۔۔۔۔۔ماں باپ کا لاڈلا۔۔۔۔۔۔ضدی۔۔۔۔۔فضول خرچی۔۔۔۔۔فاسٹ فوڈ اور سافٹ ڈرنکس کی لت۔۔۔۔موٹاپے کا شکار۔۔۔۔۔۔پیٹ کی بیماری۔۔۔۔پریشانی۔۔۔علاج۔۔۔۔۔پرہیزی کھانے پر گزارہ۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

6- کریم۔۔۔۔ٹوپیوں کا سوداگر۔۔۔۔۔ٹوپیاں بیچنا۔۔۔۔درخت کے نیچے آرام کرنا۔۔۔۔۔بندروں کا ٹوپیاں لے جانا ۔۔۔۔۔۔کریم کا جاگنا۔۔۔۔ٹوپی زمین پر پھینکنا۔۔۔۔۔بندروں کا نقل کرنا۔۔۔۔۔ٹوپیاں جمع کر کے چلے جانا۔۔۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

7- جنگل میں شیر کا رہنا۔۔۔۔۔ایک دن شیر کا سونا۔۔۔۔۔چوہے کا آنا۔۔۔۔۔۔بالوں سے کھیلنا۔۔۔۔۔شیر کی آنکھ کھلنا۔۔۔۔۔۔چوہے کا ڈر جانا۔۔۔۔۔۔شیر سے منت کرنا۔۔۔۔۔چوہے کو چھوڑنا۔۔۔۔۔۔ایک دن شکاری کا آنا۔۔۔شیر کو پکڑنا۔۔۔۔چوہے کا وہاں آنا۔۔۔جال کاٹنا۔۔۔۔شیر کو آزاد کرنا۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

8- ایک غریب عورت۔۔۔مرغیاں پالنا۔۔۔۔۔ایک عجیب مرغی۔۔۔۔۔۔سونے کا انڈہ دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔عورت کے دل میں لالچ کا آنا۔مرغی کو کاٹ دینا۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ ہاتھ نہ آنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

9- دو دوست۔۔۔۔۔جنگل سے گزر۔۔۔۔۔۔اچانک سامنے ریچھ آتا دکھائی دینا۔۔۔گھبرانا۔۔۔۔۔ایک دوست کا پیڑ پر چڑھنا ۔۔۔۔۔۔دوسرے کا نہ چڑھ پانا۔۔۔زمین پر لیٹنا۔۔۔۔۔ریچھ کا آنا۔۔۔۔۔سونگھنا۔۔۔۔۔آگے بڑھ جانا۔۔۔۔۔۔دوست کا وجہ پوچھنا۔۔۔۔۔۔۔جواب دینا۔۔۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

10- انصار شیخ۔۔۔۔۔۔والد رکشا ڈرائیور۔۔۔۔۔۔مالی پریشانی کے باوجود بارہویں میں امتیازی کامیابی۔۔۔بچپن کا خواب۔۔۔۔۔۔آئی اے ایس افسر بننا۔۔۔۔۔۔کوچنگ میں داخلے کے لیے لوگوں کی مدد۔۔۔۔سخت محنت۔۔۔والدین کی قربانی۔۔۔مقابلہ جاتی امتحان میں امتیازی کامیابی۔۔۔کہانی سے حاصل ہونے والا سبق

# یا

2۔80 تا 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ [7]

1۔اگر میرے پنکھ ہوتے!

2۔محنت کی عظمت

3۔بیٹی پڑھاؤ بیٹی بچاؤ

4۔فاسٹ فوڈ۔۔۔شوق یا مجبوری؟؟

5۔میری زندگی کا ناقابلِ فراموش واقعہ

6۔موبائل فون کی آپ بیتی

7۔اسمارٹ فون کی لت

8۔لڑکیوں کی تعلیم کی اہمیت

9۔اگر ہم بھی محنت سے کام کریں تو۔۔۔۔۔۔

10۔ شجر کاری کے فوائد

11۔جو پڑھے گا وہ آگے بڑھے گا

12۔ میری اردو کتاب

13۔ اگر میں وزیرِ اعظم ہوتا۔۔۔۔

14۔ تندرستی ہزار نعمت ہے

15۔ اگر امتحان نہ ہوتے۔۔۔۔۔

16۔ امید پر دنیا قائم ہے

17۔ باغ کی سیر

18۔ محمد ﷺ کی سیرت و کردار

19۔ اف! یہ الیکشن۔۔۔

20۔ اف! یہ کرکٹ کا ہنگامہ